15.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... فیصل خان

Music

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے لداخ میں پانچ بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور ملک کے نام وقف کیا، جن کی لاگت 33 سو کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اسلام مذہب اختیار کرنے والے ہندو افراد، پسماندہ طبقوں کے ریزرویشن کے فوائد کا دعویٰ نہیں کرسکتے۔ عدالت نے مدراس ہائی کورٹ کے حکم کو برقرار رکھا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت، نکسلزم سے متاثرہ لوگوں کی زندگی کو بہتر بنانے کی تمام تر کوششیں کررہی ہے۔ اُس نے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت چار ہزار مکانات فراہم کئے ہیں۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کے دفاعی سازوسامان کی برآمدات کی مالیت، پچھلے 13 سال میں 38 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔

☆ اور، بھارتی پہلوان Vishwajit رام چندر مورے نے، لاس وِگاس میں 23 سال سے کم عمر کی عالمی چمپئن شپ میں، یونان-روم فائنلز میں چاندی کا تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM-LADDAKH PROJECTS

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے لداخ میں تقریباً تین ہزار 350 کروڑ روپے مالیت کے پانچ اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور ملک کو وقف کیا۔ ان پروجیکٹوں کا مقصد خطے میں کنکٹیویٹی کو مستحکم کرنا، توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا، ثقافتی ورثے کو تحفظ فراہم کرنا اور پانی کی یقینی فراہمی میں اضافہ کرنا ہے۔

Byte: PM Modi

افتتاح کئے گئے نئے پروجیکٹوں میں لیہہ میں Kushok Bakula Rimpochee ہوائی اڈے کی نئی مسافر ٹرمینل عمارت شامل ہے، جسے 640 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ یہ جدید ٹرمینل 23 ہزار 800 مربع میٹر سے زیادہ رقبے پر محیط ہے اور یہ سالانہ 35 لاکھ مسافروں کو سہولت فراہم کرسکتا ہے۔ وزیرِ اعظم نے سرحدی سڑک تنظیم BRO کی جانب سے تعمیر کردہ 298 کلومیٹر طویل Nimmu-Padum-Darcha سڑک کو بھی ملک کو وقف کیا۔ جناب مودی نے 9 میگاواٹ والے Hanu چھوٹے پن بجلی پروجیکٹ اور 66 کلو واٹ کی ڈبل سرکٹ Dah-Hanu-Khaltsi ترسیلی لائن کا بھی افتتاح کیا۔

Byte: PM Modi

یہ پروجیکٹ بجلی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کریں گے، لداخ کے بجلی نیٹ ورک کو بہتر بنائیں گے۔ جناب مودی نے لیہہ کے سندھو گھاٹ میں بھارت کے پہلے Petroglyph Conservation پارک کا بھی افتتاح کیا۔ اس کے علاوہ پروجیکٹ Him Sarovar کے تحت 40 گاؤوں میں تعمیر کردہ 40 آبی ذخائر کا بھی افتتاح کیا گیا۔x

SC-MUSLIM-CONVERSION

سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ ہندتو سے اسلام یا کسی دیگر غیر ہندو مذہب میں منتقل ہونے والے افراد، پسماندہ طبقوں کے زمرے کے تحت، ریزرویشن کے فائدوں کا، اَزخود دعویٰ نہیں کرسکتے۔

مدراس ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کے خلاف تمل ناڈو سرکار کی ایک درخواست کو مسترد کرتے ہوئے جسٹس پرشانت کمار مشرا اور جسٹس شری چندرشیکھر کی ایک بینچ نے کہا ہے کہ کسی شخص کی پہلے والی ذات سے متعلق، سماجی پسماندگی کی پریشانیوں کو، تبدیلی مذہب کے بعد جاری نہیں رکھا جاسکتا۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ غیر ہندو سماجی نظام میں داخل ہوجانے سے کسی نوٹیفائیڈ پسماندہ طبقے والی برادری میں اس کی مصدقہ رکنیت نہیں بن جاتی۔x

SHAH-TRIBAL ASSISTANCE

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت چھتیس گڑھ میں اُن قبائلی لوگوں کو مصنوعی اعضاء اور دیگر امداد فراہم کررہی ہے، جونکسلزم کی وجہ سے معذور ہوگئے ہیں۔ حکومت انہیں ایک بہتر زندگی جینے میں مدد دے رہی ہے۔

جناب شاہ نے یہ بات ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ چھتیس گڑھ میں معذور افراد کو امدادی سامان کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ یہ تقریب سیوا سنکلپ ابھیان کا حصہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، اِن متاثرہ لوگوں کی مدد، اُن کی زندگیوں کو بہتر بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کررہی ہے، کہ یہ لوگ باوقار طریقے سے زندگی جی سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی حکومت نے اس سال 31 مارچ تک ملک سے نکسلزم کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم کر رکھا تھا۔ انہوں نے

اطمینان ظاہر کیا کہ نکسلزم اب ختم ہوچکا ہے۔×

BJP-WOMEN DELEGATION

BJP کی خواتین ارکانِ پارلیمنٹ کے ایک وفد نے آج لوک سبھا اسپیکر اوم برلا سے ملاقات کی اور JNU میں مبینہ جنسی ہراسانی کے ایک معاملے کے سلسلے میں، کانگریس رکنِ پارلیمنٹ Bimol Akoijam کے متعلق ایک میموریندم انہیں سونپا۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، BJP رکن پارلیمنٹ Daggubati Purandeswari نے کہا کہ JNU کی داخلی کمیٹی نے کانگریس رکنِ پارلیمنٹ کو قصوروار پایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفد نے اسپیکر پر زور دیا کہ وہ اس معاملے کو اخلاقیات سے متعلق کمیٹی کو بھیجیں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ آیا کانگریس رکن پارلیمنٹ کو، لوک سبھا ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دینی چاہئیں یا نہیں۔ x

PM-25 YEARS BETI BACHAO

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' جیسی اہم مہم کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

ایک رپورٹ۔ VC - Ashwini

22 جنوری 2015 کو ہریانہ کے پانی پت شہر سے وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھارت سرکار کی ایک اہم مہم '' بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' کا آغاز کیا تھا۔ یہ مہم بیٹیوں کو بااختیار بنانے اور ہریانہ میں صنفی تناسب کو بہتر کرنے کے سلسلے میں کافی اہم ثابت ہوئی۔ جند ضلعے کے بی بی پور گاؤں کے سابق سرپنچ اور بیٹی کے ساتھ Selfie مہم شروع کرنے والے سنیل Jaglan نے کہا کہ ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' پہل سبھی شعبوں میں بیٹیوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کے سلسلے میں اہم ثابت ہوئی ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے سنیل Jaglan کی اِس کوشش کا تذکرہ 'من کی بات' کے اپنے پروگرام میں بھی کیا تھا، جس سے یہ ایک ملک گیر تحریک بن گئی۔

چنڈی گڑھ سے اشونی کمار شرما کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ....

RAJNATH DEFENCE CONCLAVE

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت، دنیا بھر کے تقریباً 100 ممالک کو اندرونِ ملک تیار کردہ دفاعی ساز و سامان

برآمد کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی دفاعی برآمدات 2013-14 میں محض 686 کروڑ روپے سے 2025-26 میں 38 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہوگئی ہیں۔ آج نئی دلّی میں Times Now دفاع کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت نے مختلف ہتھیاروں کے معاملے میں 90 فیصد سے زیادہ خود کفالت حاصل کرلی ہے۔ انہوں نے آج اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارتی فوج کے پاس 175 مختلف ہتھیاروں میں سے 159 اندرونِ ملک تیار کردہ ہیں۔

AJP KALAM TRIBUTE

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج سابق صدرِ جمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو، اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام نے بھارت کو ایک اہم طاقت بنانے کیلئے اپنی نایاب سائنسی مہارت کو وقف کیا اور صدرِ جمہوریہ ہند کی حیثیت سے اعلیٰ ترین جمہوری اقدار برقرار رکھیں۔

SPO-INDIA WRESTLING

آج لاس ویگاس میں بھارت کے کُشتی کھلاڑی وشوجیت رام چندر مورے نے انڈر 23 عالمی چمپئن شپ میں Greco-Roman کے فائنل میں چاندی کا تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی۔ مردوں کے 55 کلوگرام کے زمرے میں مقابلہ کررہے وشوجیت آخری سیکنڈ میں 12-13 کے معمولی فرق سے جارجیا کے کُشتی کھلاڑی سے ہار گئے۔ یہ انڈر 23 عالمی چمپئن شپ کے Greco-Roman کے فائنل میں بھارت کا پہلا مقابلہ اور اب تک کا پہلا چاندی کا تمغہ ہے۔x

UAE-JAISHANKAR

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ممالک اپنی متعلقہ صورتحال کے مطابق بدلتے عالمی نظام سے ہم آہنگ ہونے کے ساتھ ساتھ نئی شراکت داریاں اور متبادل کے امکانات تلاش رہے ہیں۔ انہوں نے بدلتی عالمی صورتحال کے سلسلے میں گذشتہ دہائی کی بھارت-متحدہ عرب شراکت داری کا ایک بڑی مثال کے طور پر حوالہ دیا۔ ڈاکٹر جے شنکر ابوظہبی میں رائے سینا-مغربی ایشیا تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ عالمی نظام کی تبدیلی کی رفتار کو تسلیم کرنا اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس سے طویل مدتی رجحانات اور فوری اتار چڑھاؤ کی عکاسی ہوتی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر دوسری رائے سینا-مغربی ایشیا تقریب میں شرکت کیلئے UAE کے سرکاری دورے پر ہیں۔x

SITHARAMAN-UK CHANCELLOR

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے آج بینکاک میں سالانہ میٹنگوں کے موقع پر برطانیہ کے وزیرِ خزانہ John

Healey سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزارتِ خزانہ نے کہا کہ انہوں نے چوتھے بھارت-برطانیہ اقتصادی بازار مذاکرات، فِن ٹیک میٹنگوں اور متعلقہ IUKFP میٹنگوں کے کامیاب اختتام اور پچھلے معاشی اور اقتصادی مذاکرات کے نتائج کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کیا۔ میٹنگ کے دوران وزیرِ خزانہ نے مشترکہ ترجیحات پر برطانیہ کے ساتھ قریبی طور پر کام کرنے کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا۔x

NITI AAYOG-DATA CENTRE

نیتی آیوگ کے Frontier Tech Hub نے ملک میں Data Centre کی پائیدار ترقی کیلئے منصوبہ بندی ریاستوں کو مدد فراہم کرنے کی خاطر Data Centre Evaluation فریم ورک جاری کیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد بھارت کے Data Centre کے ایکونظام کو مستحکم بنانا اور ملک کی مصنوعی ذہانت، کمپیوٹنگ اور ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کی بڑھتی ہوئی ضروریات میں تعاون فراہم کرنا ہے۔

نیتی آیوگ کے رُکن پروفیسر Abhay Karandikar نے بتایا کہ اس فریم ورک میں اُن معاملوں کی وضاحت کی گئی، جن کی بنیاد پر ریاستی حکومتیں Data Centre کے قیام سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیں گی۔ اس رپورٹ کی مدد سے ریاستی حکومتیں سرمایہ کاری سے متعلق تجاویز پر بھی غور کرسکیں گی۔x

PUNJAB-BANDH

پنجاب میں منگل کے روز منشیات مخالف کارکن پرویندر سنگھ Jhota کے قتل اور کے خلاف احتجاج کیلئے آج ریاست بھر میں بند کا اعلان کیا گیا تھا، جس پر ملا جلا اثر نظر آرہا ہے۔ ریاست کے بہت سے علاقوں میں بازار بند ہیں، کچھ علاقوں میں اہم اور اندرونی سڑکیں بند ہیں۔ ریاستی حکومت کے خلاف نعرے لگائے جارہے ہیں، کہ وہ ریاست میں منشیات کی لعنت اور نظم وضبط کی صورتحال پر قابو پانے میں ناکام رہی ہے۔ پولیس نے امن وسکون برقرار رکھنے کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔

ایک رپورٹ۔ V-C Rajesh Bali

بہت سی کسان یونینوں، سیاسی پارٹیوں اور تجارتی تنظیموں نے اس بند کی حمایت کی ہے، جسے ایک ہلاک شدہ کارکن کے والد ریٹائرڈ بھیم سنگھ کی اپیل پر کرایا جارہا ہے۔ انہوں نے کل لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ آگے آئیں اور بند کی کامیابی کو یقینی بنائیں۔ اس کیس میں انصاف کی کوشش کیلئے تشکیل دی گئی ایک عمل درآمد کمیٹی نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بند کے دوران امن قائم رکھیں۔ البتہ مظاہرین ایمبولنس اور دیگر ایمرجنسی گاڑیوں کو گزرنے دے رہے ہیں اور ابھی تک کہیں سے بھی کسی ناگوار واقعہ کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ اس بند کا اعلان صبح 6 بجے سے شام 5 بجے تک کیا گیا

ہے۔ اسی دوران پروندر سنگھ کے کنبے نے حکام کو اُن کا پوسٹ مارٹم کرنے کی اجازت نہیں دی ہے، کیونکہ یہ لوگ پوسٹ مارٹم کیلئے PGI سے، ڈاکٹروں کی ایک ٹیم تشکیل دینے کا مطالبہ کررہے ہیں۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

IMD-WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور دلّی میں آج شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اسی دوران دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں آج دوپہر سے کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہورہی ہے۔

محکمہ نے کہا ہے کہ کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں اس مہینے کی 21 تاریخ تک شدید بارش کا امکان ہے۔ اسی طرح کا موسم کرناٹک اور آندھراپردیش میں بھی پیر تک رہے گا۔ ادھر جموں وکشمیر اور ہماچل پردیش میں آج تازہ برفباری ہوئی ہے، جس کی وجہ سے خطے میں کافی سردی ہوگئی ہے۔ جموں وکشمیر کے ڈوڈہ ضلعے کی اونچی پہاڑیوں پر موسم کی پہلی برفباری ہوئی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆